بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

نَحْمَدُہٗ وَ نُصَلِّی عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ ﷺ وَ عَلٰی عَبْدِہِ الْمَسِیْحِ الْمَوْعُوْدِ علیہ السلام

خدا کے فضل اور رحم کے ساتھ

**ھوالناصر**

# فہرست مشمولات


| نمبر شمار | مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | جلسہ سالانہ کے مقاصد از ارشادات حضرت مسیح موعود علیہ السلام | 2 |
| 2 | ارشادات حضرت امیر المؤمنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ | 5 |
| 3 | اہم معلومات بابت جلسہ سالانہ | 8 |
| 4 | معلوماتِ عامہ | 10 |
| 5 | رجسٹریشن | 11 |
| 6 | استقبال، الوداع و سفری معلومات | 13 |
| 7 | ٹرانسپورٹ و کارپارک پالیسی برائے جلسہ سالانہ | 19 |
| 8 | انتظامات رہائش | 25 |
| 9 | متفرق معلومات | 28 |
| 10 | لندن کی سیر و تفریح سے متعلق معلومات | 32 |

# ارشادات عالیہ
# سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام

## اہمیت

"اس جلسہ کو معمولی انسانی جلسوں کی طرح خیال نہ کریں۔ یہ وہ امر ہے جس کی خالص تائید حق اور اعلاءِ کلمہ اسلام پر بنیاد ہے۔ اس سلسلہ کی بنیادی اینٹ خدا تعالیٰ نے اپنے ہاتھ سے رکھی ہے اور اس کیلئے قومیں طیار کی ہیں۔ جو عنقریب اس میں آملیں گی۔ کیونکہ یہ اس قادر کا فعل ہے جس کے آگے کوئی بات انہونی نہیں۔"

(اشتہار 07 دسمبر 1892ء مجموعہ اشتہارات جلد اوّل صفحہ 361، مطبوعہ 2019ء)

## اغراض و مقاصد

"اس جلسہ کے اغراض میں سے بڑی غرض تو یہ ہے کہ تا ہر ایک مخلص کو بالمواجہ دینی فائدہ اٹھانے کا موقع ملے اور ان کے معلومات وسیع ہوں اور خدا تعالیٰ کے فضل و توفیق سے ان کی معرفت ترقی پذیر ہو۔ پھر اس کے ضمن میں یہ بھی فوائد ہیں کہ اس ملاقات سے تمام بھائیوں کا تعارف بڑھے گا اور اس جماعت کے تعلقات اخوت استحکام پذیر ہوں گے۔ ماسوا اس کے اس جلسہ میں یہ بھی ضروریات میں سے ہے کہ یورپ اور امریکہ کی دینی ہمدردی کیلئے تدابیر حسنہ پیش کی جائیں۔ کیونکہ اب یہ ثابت شدہ امر ہے کہ یورپ اور امریکہ کے سعید لوگ اسلام کے قبول کرنے کیلئے طیار ہو رہے ہیں۔"

(اشتہار 07 دسمبر 1892ء مجموعہ اشتہارات جلد اوّل صفحہ 360، مطبوعہ 2019ء)

"اس جلسہ میں ایسے حقائق اور معارف کے سنانے کا شغل رہے گا جو ایمان اور یقین اور معرفت کو ترقی دینے کیلئے ضروری ہیں اور نیز ان دوستوں کیلئے خاص دعائیں اور خاص توجہ ہو گی اور حتی الوسع بدرگاہ ارحم الراحمین کوشش کی جائے گی کہ خدائے تعالیٰ اپنی طرف ان کو کھینچے اور اپنے لئے قبول کرے اور پاک تبدیلی ان میں بخشے اور ایک عارضی فائدہ ان جلسوں میں یہ بھی ہو گا کہ ہر یک نئے سال جس قدر نئے بھائی اس جماعت میں داخل ہوں گے وہ تاریخ مقررہ پر حاضر ہو کر اپنے پہلے بھائیوں کے منہ دیکھ لیں گے اور روشناسی ہو کر آپس میں رشتہ توڈّد و تعارف ترقی پذیر ہوتا رہے گا اور جو بھائی اس عرصہ میں اس سرائے فانی سے انتقال کر جائے گا اس جلسہ میں اس کیلئے دعائے مغفرت کی جائے گی اور تمام بھائیوں کو روحانی طور پر ایک کرنے کیلئے اور ان کی خشکی اور اجنبیت اور نفاق کو درمیان سے اٹھا دینے کیلئے بدرگاہ حضرت عزت جلّ شانہ کوشش کی جائے گی اور اس روحانی جلسہ میں اور بھی کئی روحانی فوائد اور منافع ہوں گے جو انشاء اللہ القدیر وقتاً فوقتاً ظاہر ہوتے رہیں گے اور کم مقدرت احباب کیلئے مناسب ہو گا کہ پہلے ہی سے اس جلسہ میں حاضر ہونے کا فکر رکھیں اور اگر تدبیر اور قناعت شعاری سے کچھ تھوڑا تھوڑا سرمایہ خرچ سفر کیلئے ہر روز یا ماہ بماہ جمع کرتے جائیں اور الگ رکھتے جائیں تو بلا دقت سرمایہ سفر میسر آجاوے گا گویا یہ سفر مفت میسر ہو جائے گا۔"

(آسمانی فیصلہ، روحانی خزائن جلد 4 صفحہ 376)

## دعا

"ہر یک صاحب جو اس للّٰہی جلسہ کیلئے سفر اختیار کریں۔ خدا تعالیٰ اُن کے

ساتھ ہو اور اُن کو اجر عظیم بخشے۔ اور ان پر رحم کرے اور ان کی مشکلات اور اضطراب کے حالات اُن پر آسان کر دیوے اور اُن کے ہم و غم دور فرمادے۔ اور ان کو ہر یک تکلیف سے مخلصی عنایت کرے۔ اور ان کی مُرادات کی راہیں اُن پر کھول دیوے اور روز آخرت میں اپنے اُن بندوں کے ساتھ اُن کو اٹھاوے جن پر اس کا فضل و رحم ہے اور تا اختتامِ سفر اُن کے بعد اُن کا خلیفہ ہو۔ اے خدا اے ذوالمجد و العطااور رحیم اور مشکل کشایہ تمام دُعائیں قبول کر اور ہمیں ہمارے مخالفوں پر روشن نشانوں کے ساتھ غلبہ عطا فرما کہ ہر یک قوت اور طاقت تجھ ہی کو ہے۔ آمین ثم آمین۔"

(اشتہار 07 دسمبر 1892ء، مجموعہ اشتہارات جلد اوّل صفحہ 361، 362، مطبوعہ 2019ء)

# ارشادات سیدنا حضرت امیر المؤمنین

# خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

اللہ تعالیٰ سب شامل ہونے والوں کو ان توقعات پر پورا اترنے والا بنائے جو حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے شاملین جلسہ سے رکھی ہیں اور تمام شامل ہونے والوں کو ان دعاؤں کا وارث بنائے جو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے جلسہ میں شامل ہونے والوں کے لئے کی ہیں۔ جلسہ میں شمولیت کسی دنیاوی میلے میں شمولیت نہیں ہے۔ اس لئے ہر شامل ہونے والے کو ان دنوں میں اپنی توجہات کا مرکز دینی، علمی اور روحانی ترقی کو بنانا چاہئے۔

آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص کسی جگہ رہائش اختیار کرتے ہوئے یا عارضی پڑاؤ ڈالتے وقت یہ دعا مانگے کہ(اَعُوْذُبِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّآمَّاتِ مِنْ شَرِّ مَاخَلَقَ۔ناقل) میں اللہ تعالیٰ کے مکمل کلمات کی پناہ میں آتا ہوں اور ہر شر سے اللہ تعالیٰ کی پناہ چاہتا ہوں۔ تو فرمایا کہ ایسے شخص کو اس رہائش کو چھوڑنے یا وہاں سے چلے جانے تک (اگر عارضی رہائش بھی ہے تو چلے جانے تک) کوئی چیز نقصان نہیں پہنچائے گی۔(مسلم کتاب الذکروالدعاءباب التعوذ من سوء القضاء) اور یہ بھی ہر ایک جانتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ دعاؤں کی قبولیت کے لئے عبادت کا حق ادا کرنا بھی ضروری ہے۔ اللہ تعالیٰ کی باتوں پر عمل کرنا بھی ضروری ہے۔ پس ان دنوں میں اس لحاظ سے بھی اپنی زندگیوں کو ڈھالیں اور صرف ان دنوں میں نہیں بلکہ پھر یہ جو عادت پڑے یہ ہر ایک کی زندگی کا مستقل

حصہ بن جائے۔

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوۃ والسلام کے مہمانوں کی خدمت کا جو جذبہ ہے اس نے ایک سکول کے طالب علم کو، ایک مزدور کو، ایک کاروبار کرنے والے اور ایک معزز اور دنیاوی لحاظ سے اچھی پوزیشن پر کام کرنے والے کو ایک ہی سطح پر کھڑا کر دیا۔ اس لئے وہ مہمان جو بعض دفعہ کارکنوں کے ساتھ غلط رویّہ دکھا جاتے ہیں انہیں اپنے جذبات پر کنٹرول رکھنا چاہئے اور کارکنوں کی عزت نفس کا خیال رکھنا چاہئے۔

پس مہمان ان دنوں میں جیسی بھی سہولت ہو اس پر اللہ کا شکر ادا کریں اور ان کارکنوں کا شکر ادا کریں جو رات دن ایک کر کے ہر شعبہ میں مہمان نوازی کا حق ادا کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ یہ جلسے کے تین دن مہمانوں کو اس کوشش میں رہنا چاہئے کہ ہم نے خدا تعالیٰ کو راضی کرنے کے کس طرح سامان کرنے ہیں ۔ اللہ تعالیٰ کا فضل مانگتے ہوئے یہ دن گزاریں۔ اس کی خیر مانگتے ہوئے گزاریں اور ہر شر سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتے ہوئے یہ دن گزاریں۔

احمدی جو جلسہ میں شامل ہونے آتے ہیں بیشک وہ ایک لحاظ سے مہمان ہیں لیکن ان کا مقصد مہمان بن کر رہنا نہیں ہونا چاہئے۔ وہ تو اس لئے آتے ہیں کہ جلسہ کی برکات سے حصہ لیں۔

پس ان دنوں میں خاص طور پر یہ دعا مانگیں کہ دنیا کے جو حالات ہیں اور کوئی پتہ نہیں کس وقت کوئی شریر کیا شرارت کرنے والا ہے، کس قسم کے نقصان پہنچانے کی بعض ظالم منصوبہ بندی کرتے ہیں ان سے اللہ تعالیٰ ہمیں پناہ دے۔

جماعت احمدیہ کی خوبصورتی یہی ہے کہ ہر احمدی انتظام کا حصہ ہے، چاہے وہ کارکن ہے یا غیر کارکن جو جلسہ میں شامل ہونے کے لئے آتا ہے۔ پس خاص طور پر پارکنگ، سکینگ، کھانے کی جگہیں اور جلسہ گاہ ان میں ہر وقت ہر ایک کو ہوشیار اور چوکس رہنے کی ضرورت ہے۔ ماحول پر نظر رکھنے کی ضرورت ہے۔ جہاں بھی کوئی غیر معمولی چیز دیکھیں یا کسی کی غیر معمولی حرکت دیکھیں فوری طور پر انتظامیہ کو بھی ہوشیار کریں اور خود بھی ہوشیار ہو جائیں۔ لیکن ہر حالت میں panic بالکل نہیں ہونا چاہئے۔

پھر دوبارہ میں کہوں گا کہ خاص طور پر ان دنوں میں دعاؤں کی طرف توجہ رکھیں۔ اور نمازوں اور نوافل کے علاوہ ذکر الٰہی اور درود شریف پڑھنے اور دوسری دعائیں کرنے میں وقت گزاریں۔ اللہ تعالیٰ اس جلسہ کو ہر لحاظ سے بابرکت فرمائے اور ہم سب کی دعائیں قبول فرمائے اور ہر شر سے ہمیں محفوظ رکھے۔ آمین۔

(اقتباسات از خطبہ جمعہ سیدنا حضرت امیر المؤمنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرمودہ مورخہ 12 اگست 2016ء بر موقعہ جلسہ سالانہ جماعت احمدیہ برطانیہ)

# اَھْلًا وَّ سَھْلًا وَّ مَرْحَبًا

## جماعت احمدیہ برطانیہ کا جلسہ سالانہ 2024ء

### اہم معلومات

**بمقام:۔** حدیقۃ المہدی (اوک لینڈز فارم) آلٹن ہیمشائر۔جی یو 34 3 اے یو

Hadiqatul Mahdi (Oaklands Farm) Alton, Hampshire GU34 3AU

**ایام جلسہ:۔ 26 جولائی، بروز جمعۃ المبارک، 27 جولائی بروز ہفتہ اور 28 جولائی بروز اتوار 2024ء**

**دفتر رجسٹریشن:۔** مسجد بیت الفتوح 181 لندن روڈ، مورڈن، سرے۔ ایس ایم 54 پی ٹی

Baitul Futuh Mosque, 181 London Road, MordenSurrey SM4 5PT

**آغاز رجسٹریشن:۔** 12 جولائی 2024ء بروز جمعۃ المبارک سے، صبح 11 بجے تا نماز عشاء روزانہ، بمقام مسجد بیت الفتوح۔

### دفتر معلومات جلسہ سالانہ، اہم ٹیلیفون و فیکس نمبرز

مسجد بیت الفتوح 181 لندن روڈ، مورڈن، سرے۔ ایس ایم 54 پی ٹی

Baitul Futuh Mosque, 181 London Road, Morden, Surrey SM4 5PT

Tel:+44(0) 20 8687 7814 +44(0) 20 8687 7813

Fax: +44(0) 20 8687 7899 +44(0) 20 8687 7880

Email: admin@jalsasalana.org.uk

Web: www.jalsasalana.org.uk

مسجد فضل لندن 16 گریسن ہال روڈ، لندن۔ ایس ڈبلیو 518 کیو ایل

16 Gressenhall Road, London SW18 5QL

Tel: +44(0)20 8877 5503 +44(0)20 8877 5500

Fax: +44 (0)20 8874 4779

مسجد مبارک اسلام آباد شیپ ہیچ لین، ٹلفورڈ، سرے۔ جی یو 210 اے کیو

Islamabad, Sheephatch Lane, Tilford, Surrey, GU10 2AQ

Tel:+44(0) 12 5278 1220

بیت الاحسان لندن 25 ویلو لین، مچم، سرے۔ سی آر 44 ٹی ایس

Baitul Ehsan 25 Willow Lane, Mitcham, Surrey CR4 4TS

Tel:+44(0) 20 8687 1451

# معلوماتِ عامہ

**دعوت نامہ:۔** ساری دنیا کے احمدی احباب کو جلسہ سالانہ یوکے میں شرکت کی دعوتِ عام ہے بیرون ممالک (علاوہ پاکستان) سے تشریف لانے والے احباب اپنے اپنے ملک کے نیشنل امیر صاحب کی طرف سے جاری کردہ تعارفی خط ضرور ہمراہ لے کر آئیں۔

**پاکستان سے آمدہ مہمان:۔** جلسہ سالانہ یو کے میں شمولیت کیلئے پاکستان سے تشریف لانے والے مہمانوں کو برطانیہ کے ویزہ کے حصول کیلئے کوئی تعارفی یا شناختی خط جاری نہیں کیا جاتا۔(سوائے مرکزی نمائندگان اور مہمانان خصوصی کے) تاہم برطانیہ کا ویزہ حاصل کرنے کے بعد پاکستان کے تمام احباب کیلئے وکالت تبشیر ربوہ کا جاری کردہ تعارفی خط ساتھ لانا ضروری ہے۔

**غیر احمدی دوست:۔** زیر تبلیغ غیر از جماعت دوستوں کو بھی جلسہ سالانہ یوکے میں شرکت کی دعوت دی جا سکتی ہے۔ جس کیلئے اپنے صدر / امیر کی معرفت افسر جلسہ سالانہ یوکے سے تحریری اجازت نامہ قبل از وقت حاصل کرنا ضروری ہے۔

**دورانیہ میزبانی:** جماعت احمدیہ برطانیہ کی خواہش ہوتی ہے کہ معزز مہمانوں کے جلسہ سالانہ پر قیام کو زیادہ سے زیادہ خوشگوار اور آرام دہ بنائے۔ چنانچہ امسال جلسہ سالانہ پر تشریف لانے والے مہمانوں کیلئے مہمان نوازی کا دورانیہ حسب ذیل ہو گا۔

ا۔ پاکستان سے تشریف لانے والے مہمانوں کیلئے میزبانی کا دورانیہ چار ہفتے ہو گا۔

## 13جولائی بروز ہفتہ تا09اگست بروز جمعہ 2024ء

۲۔ پاکستان کے علاوہ دیگر ممالک کے مہمانوں کیلئے میزبانی کا دورانیہ دو ہفتہ ہو گا۔

## 20جولائی بروز ہفتہ تا02اگست بروز جمعہ 2024ء

**نوٹ:۔مذکورہ بالا ایام کے علاوہ تشریف لانے والے احباب کو اپنے قیام وطعام کا انتظام خود کرنا ہو گا۔ بیت الفتوح میں رہائش کا انتظام بہت محدود ہے۔**

# رجسٹریشن

**جلسہ گاہ میں داخلہ:۔** جلسہ گاہ میں داخلہ صرف کمپیوٹر ائزڈ رجسٹریشن / تجنید کارڈ کے ذریعہ ہی ممکن ہو گا لہٰذا احباب سے درخواست ہے کہ اپنے رجسٹریشن کارڈز پہلی فرصت میں رجسٹریشن دفاتر سے ضرور حاصل کر لیں۔

**کمپیوٹر ائزڈ تجنید کارڈ(AIMS Cards) ہولڈرز:۔** احباب جماعت برطانیہ اپنے AIMS Cards کو جلسہ گاہ میں داخلہ کیلئے استعمال کر سکیں گے۔ اگر کسی دوست کے پاس یہ کارڈ نہیں تو وہ اپنے مقامی صدر صاحب سے فوری رابطہ کر کے کارڈ حاصل کر لیں۔ جو دوست اپنا کارڈ کسی وجہ سے ساتھ نہ لا سکیں انہیں دوسرا کارڈ حاصل کرنے کیلئے اپنے مقامی صدر کی تصدیق کروانا ہو گی۔ اور مبلغ پانچ پونڈ فیس دفتر رجسٹریشن میں ادا کرنا ہو گی۔

**بیرون ممالک کے کمپیوٹرائزڈ تجنید کارڈ ہولڈرز(علاوہ پاکستان):۔** وہ ممالک جن میں کمپیوٹرائزڈ تجنید کارڈ کا نظام رائج ہے(جیسے امریکہ، کینیڈا، ناروے، جرمنی، فرانس، ہالینڈ اور بیلجیئم وغیرہ) ان ممالک سے تشریف لانے

والے مہمان اپنا تجنید کارڈ جلسہ گاہ میں داخلے کیلئے استعمال کر سکیں گے۔ تاہم انہیں روانگی سے قبل اپنے اپنے ممالک کے نیشنل امیر صاحب سے اس بات کی تصدیق کر لینی چاہئیے کہ ان کے کارڈ جلسہ سالانہ برطانیہ میں شمولیت کیلئے کارآمد ہیں یا نہیں۔ بصورت دیگر انہیں رجسٹریشن کارڈ بنوانے کیلئے اپنے ملک کے نیشنل امیر صاحب کا تعارفی خط اور اپنا پاسپورٹ درکار ہوگا۔

**بغیر تجنید کارڈ کے ممالک:۔** وہ ممالک جن میں کمپوٹرائزڈ تجنید کارڈ کا نظام رائج نہیں ہے ان ممالک سے تشریف لانے والے مہمانوں سے درخواست ہے کہ وہ برطانیہ پہنچنے پر بغیر کسی تاخیر کے اپنا رجسٹریشن کارڈ حاصل کر لیں۔ رجسٹریشن کے دفاتر مسجد بیت الفتوح مورڈن اور حدیقۃ المہدی میں مقررہ تاریخوں سے انشاء اللہ قائم ہو جائیں گے۔ رجسٹریشن کیلئے اپنا پاسپورٹ اور متعلقہ ملک کے نیشنل امیر صاحب کی طرف سے تعارفی خط درکار ہوگا۔

**پاکستان سے آنے والے مہمان:۔** پاکستان سے تشریف لانے والے مہمانوں کی رجسٹریشن کیلئے وکالت تبشیر ربوہ کی طرف سے جاری کردہ تعارفی خط اور مہمان کا پاسپورٹ درکار ہوگا۔ مہمانوں سے درخواست کہ وہ برطانیہ پہنچنے پر بغیر کسی تاخیر کے رجسٹریشن کے دفاتر سے اپنے رجسٹریشن کارڈ حاصل کر لیں۔

**ضروری نوٹ:۔** تمام شاملین جلسہ سے مؤدبانہ التماس ہے کہ جلسہ سالانہ کے دوران نیز مسجد بیت الفتوح اور مسجد فضل میں داخلہ کے وقت اپنے رجسٹریشن کارڈز ہمہ وقت نمایاں طور پر آویزاں رکھیں۔ جزاکم اللہ احسن الجزاء

# استقبال / الوداع

## ہیتھرواور گیٹوک ائیرپورٹس(Heathrow and Gatwick Airports)

لندن کے دو بڑے ائیرپورٹسHeathrowاورGatwickہیں۔جن کا فاصلہ مسجد بیت الفتوح سے علی الترتیب 18اور 22 میل، مسجد فضل سے 15 اور30 جبکہ مسجد مبارک اسلام آباد سے 29اور 45 میل ہے۔

استقبالیہ کمیٹی کے کارکنان ان ایئرپورٹس پر مہمانوں کی مناسب راہنمائی و تعاون کیلئے موجود ہونگے۔ آنے والے تمام مہمانوں سے گزارش ہے کہ وہ جیسے ہی ایئر پورٹس کے لاؤنج میں تشریف لائیں تو میٹنگ پوائنٹ(Meeting point)پر استقبالیہ کے معاونین کا انتظار کریں۔اور کسی حالت میں لاؤنج نہ چھوڑیں ماسوائے ان مہمانوں کے جن کاٹرانسپورٹ کا اپنا انتظام ہو۔

دورانِ میزبانیHeathrowاورGatwickایئرپورٹس پر آنیوالے مہمانوں کو جماعت کی طرف سے ٹرانسپورٹ مہیا کی جائے گی جو انہیں بیت الفتوح / حدیقۃ المہدی تک پہنچائے گی۔

جیسا کہ آپ کے علم میں ہے کہ جلسہ سالانہ برطانیہ عموماً چھٹیوں کے دوران منعقد ہوتا ہے اس لئے کسی بھی پریشانی سے بچنے کیلئے ضروری ہے کہ اپنی واپسی کی فلائیٹ کو اپنے ملک سے روانگی سے قبل ہی کنفرم کرالیں۔اسی طرح مہمانانِ کرام سے درخواست ہے کہ عرصہ میزبانی میں ہی اپنے واپسی کے پروگرام سے "دفتر ٹرانسپورٹ"کو اپنی اولین فرصت میں مطلع کریں تاکہ آپ کو واپسی کیلئے بھی

بروقت Heathrow یا Gatwick ایئرپورٹ جہاں سے آپ کی واپسی کی فلائیٹ ہو پہنچانے کا انتظام کیا جاسکے۔

ا۔ مذکورہ بالا دو ایئرپورٹس کے علاوہ باقی تمام ایئرپورٹس پر تشریف لانے والے مہمانانِ کرام کی خدمت میں مؤدبانہ درخواست ہے کہ وہ پبلک ٹرانسپورٹ کے ذریعہ حدیقۃ المہدی یا مسجد بیت الفتوح پہنچنے کا خود انتظام فرمائیں۔

۲۔ بیرون ممالک کے تمام نیشنل اُمراء صاحبان کی خدمت میں التماس ہے کہ ان کے ملک سے جو مہمان گروپ کی صورت میں تشریف لا رہے ہیں ان کی روانگی کی اطلاع قبل ازوقت افسر جلسہ سالانہ کو بھیج دیں۔ گروپ میں شامل مہمانوں (مرد، خواتین، اور بچگان) کی تعداد، تاریخ آمد، پرواز نمبر، وقت، ایئر پورٹ اور ٹرمینل کی معلومات سے تحریراً مطلع فرمائیں۔ یہ معلومات افسر جلسہ سالانہ کو بذریعہ فیکس یا ای میل بھیجی جاسکتی ہیں۔

## سٹین سٹڈ، لوٹن، لندن سٹی اور دیگر تمام ائیرپورٹ (Stansted, Luton, London City and other Airports)

سٹین سٹڈ ائیرپورٹ سے بذریعہ پبلک ٹرانسپورٹ مسجد بیت الفتوح پہنچنے کیلئے درج ذیل ذرائع موجود ہیں:۔

ا۔**Uber کے ذریعہ:۔** جس کا یکطرفہ کرایہ اندازاً 100 پاؤنڈز ہے۔

۲۔**بذریعہ ریل سروس (By Train):۔** ائیرپورٹ سے تقریباً ہر 15 منٹ کے وقفہ سے سٹین سٹڈ ایکسپریس ریل "لیورپول سٹریٹ" سٹیشن (Liverpool Street) لندن کیلئے چلتی ہے۔ سٹین سٹڈ سے مورڈن سٹیشن تک کا ٹکٹ خرید

کر "سٹین سٹڈ ایکسپریس" پر سوار ہو جائیں۔ پھر "لیور پول سٹریٹ" سٹیشن سے انڈر گراؤنڈ ٹرینز کی" سنٹرل لائن"(Central Line)ٹرین پر سوار ہوں اور "بنک"(Bank) سٹیشن پر اتر کر "ناردرن لائن"(Northern Line)ٹرین پر سوار ہو کر "موڑڈن"(Morden) سٹیشن جو کہ "نادرن لائن "کا آخری سٹیشن ہے، پر اتریں اور سٹیشن سے باہر نکل کر دائیں طرف لندن روڈ پر مسجد بیت الفتوح موڑڈن چند منٹ کے فاصلہ پر ہے۔

۳۔<u>بذریعہ بس (By Coach)</u>:۔ائیر پورٹ سے ہر 30 منٹ کے وقفہ سے بس(Coach)لندن کے ریلوے سٹیشن "وکٹوریہ" اور "لیور پول سٹریٹ" کیلئے چلتی ہے۔ان دونوں سٹیشنوں پر انڈر گراؤنڈ ٹرینز کی سہولت بھی میسر ہے۔کوچ ریل سے نسبتاً سستی ہے۔

"وکٹوریہ"(Victoria) سٹیشن سے "برکسٹن"(Brixton) جانیوالی انڈر گراؤنڈ "وکٹوریہ لائن" (Victoria Line) ٹرین پر سوار ہوں۔ "سٹاک ویل"(Stockwell) سٹیشن پر "ناردرن لائن"(Northern Line) ٹرین کے ذریعہ "موڑڈن"(Morden)جو کہ ناردرن لائن ٹرین کا آخری سٹیشن ہے، پر اتریں اور سٹیشن سے باہر نکل کر دائیں طرف لندن روڈ پر مسجد بیت الفتوح چند منٹ کے فاصلہ پر ہے۔

یا"وکٹوریہ"(Victoria) سٹیشن سے انڈر گراؤنڈ ٹرینز کی" ڈسٹرکٹ لائن"(District Line)ٹرین پر سوار ہوں اور "ومبلڈن"(Wimbledon) سٹیشن پر اتریں۔ ومبلڈن سٹیشن سے باہر آکر "نارتھ چیم"(North Cheam) کی طرف

جانے والی بس نمبر 93 پر سوار ہوں اور "مورڈن ساؤتھ" (Morden South)
سٹیشن کے سٹاپ پر اتریں۔ سٹاپ کے ساتھ ہی مسجد بیت الفتوح واقع ہے۔

دیگر ائیرپورٹس سے مسجد فضل، مسجد بیت الفتوح یا مسجد بیت الاحسان پہنچنے کیلئے www.tfl.gov.uk کی ویب سائیٹ سے مدد لی جاسکتی ہے۔

**دیگر انٹری پورٹس سے برطانیہ میں داخلہ:۔** جو مہمان سمندری راستہ، ٹرین یا کوچز کے ذریعہ برطانیہ تشریف لا رہے ہیں، ان کو مسجد بیت الفتوح یا حدیقۃ المہدی اپنے انتظام کے تحت پہنچنا ہو گا۔

کار پر آنے والے احباب کو حدیقۃ المہدی میں کار پارک کرنے کیلئے دفتر کار پاس سے اپنی کار کیلئے پاس حاصل کرنا ضروری ہے۔ بغیر کار پاس کے پارکنگ میں داخلہ نہیں ہو سکے گا۔

**نوٹ برائے مہمانان علاوہ برطانیہ:۔** مسجد بیت الفتوح سے حدیقۃ المہدی کیلئے بسیں (Coaches) 25 جولائی بروز جمعرات روانہ ہونگی اور جلسہ کے بعد 29 جولائی بروز سوموار حدیقۃ المہدی سے مسجد بیت الفتوح واپسی ہو گی۔

مسجد بیت الفتوح سے روانگی اور حدیقۃ المہدی سے واپسی کیلئے بسوں (Coaches) کا وقت معلوم کرنے کیلئے مہمانان کرام سے درخواست ہے کہ وہ دفتر معلومات و ٹرانسپورٹ سے رابطہ کریں۔

## مسجد بیت الفتوح تا مسجد فضل بذریعہ بس:۔

ا۔ "مورڈن ساؤتھ" (Morden South) بس سٹاپ نزد مسجد بیت الفتوح "پٹنی برج" (Putney Bridge) جانے والی بس نمبر 93 پر سوار ہوں اور

"ومبلڈن "(Wimbledon)بس سٹاپ پر اتریں اور یہاں سے"واکسہال" (Vauxhall) جانے والی بس نمبر 156 لے کر" دی پارک ٹیورن"( The Park Tavern)بس سٹاپ پر اتریں ۔ اس کے بعد7-8 منٹ "گرینوِل روڈ" (Granville Road) پر پیدل چل کر" گریسن ہال روڈ" (Gressenhall Road)کی طرف دائیں طرف مڑ جائیں تو مسجد فضل پہنچ جائیں گے۔

۲۔"مورڈن ساؤتھ"(Morden South)بس سٹاپ نزد مسجد بیت الفتوح سے "پٹنی برج"(Putney Bridge)جانے والی بس نمبر 93 لے کر"ومبلڈن ہل روڈ"(Wimbledon Hill Road)بس سٹاپ پر اتریں۔ یہاں سے"رچمنڈ مینر سرکس"(Richmond Manor Circus)کی طرف جانے والی بس نمبر493 لے کر "ساؤتھ فیلڈز"(Southfields) بس سٹاپ پر اتریں پھر "ومبلڈن پارک روڈ"(Wimbledon Park Road)پر 3-4منٹ چلنے کے بعد بائیں طرف"پُلبرو روڈ"(Pullborough Road)پر مڑ جائیں اور 7-8 منٹ سیدھا چلنے کے بعد دائیں طرف "گریسن ہال روڈ" پر پہنچ جائیں گے، جس پر مسجد فضل واقع ہے۔

## آلٹن ریلوے سٹیشن تا حدیقۃ المہدی ٹرانسپورٹ:۔

حدیقۃ المہدی سے قریب ترین نیشنل ریل کا سٹیشن "آلٹن"(Alton) تقریباً تین میل کے فاصلہ پر ہے۔ جلسہ سالانہ کے تینوں ایام میں جماعتی انتظام کے تحت" آلٹن"(Alton)ریلوے سٹیشن سے حدیقۃ المہدی کیلئے چلنے والی شٹل سروس کا انتظام ہو گا۔

## بیت الفتوح تا آلٹن ریلوے سٹیشن بذریعہ پبلک ٹرانسپورٹ:۔

ا۔"مورڈن ساؤتھ"(Morden South)بس سٹاپ نزد مسجد بیت الفتوح سے"پٹنی برج"(Putney Bridge) جانے والی بس نمبر93 لے کر "ومبلڈن"(Wimbledon)سٹیشن پر اتریں ۔اور پھر ومبلڈن ریل سٹیشن سے نیشنل ریل کے ذریعہ "آلٹن"(Alton)ریلوے سٹیشن پہنچ سکتے ہیں۔

## مسجد فضل تا آلٹن ریلوے سٹیشن بذریعہ پبلک ٹرانسپورٹ:۔

اوپر بیان کردہ پیدل روٹ کے مطابق مسجد فضل سے"ساؤتھ فیلڈ"(Southfields)انڈر گراؤنڈ ٹرین سیٹشن سے "ومبلڈن" سٹیشن پہنچیں جہاں سے "آلٹن "ریلوے سٹیشن بذریعہ ریل پہنچا جاسکتا ہے۔

# ٹرانسپورٹ و کار پارک پالیسی

## کاریں و دیگر گاڑیاں:۔

مہمانوں سے پُر زور درخواست ہے کہ جلسہ گاہ میں تشریف لانے کیلئے جہاں تک ممکن ہو پبلک ٹرانسپورٹ یا جماعتی انتظام کے تحت چلنے والی خصوصی بسوں کو استعمال میں لائیں۔ تاہم اگر اپنی ذاتی گاڑی کے ذریعہ جلسہ پر تشریف لانا چاہیں تو مندرجہ ذیل امور کا خاص خیال رکھیں:۔

* جلسہ سالانہ کی کسی بھی کار پارک میں داخلے کیلئے ہر گاڑی پر کار پاس کا نمایاں طور پر آویزاں ہونا نہایت ضروری ہے۔

* حدیقۃ المہدی ایک دیہی علاقہ میں واقع ہے اور یہاں عام طور پر گاڑیوں کی آمد و رفت محدود ہوتی ہے۔

* جلسہ انتظامیہ نے لوکل کونسل ، پولیس اور محکمہ ہائی وے کے ساتھ گاڑیوں کے حدیقۃ المہدی میں داخل ہونے اور نکلنے کو کنٹرول کرنے کے لئے قوائد و ضوابط طے کئے ہیں۔ یہ امر نہایت ضروری ہے کہ مہمانانِ جلسہ ان طے شدہ ضوابط کی مکمل پابندی کریں۔ اسی طرح ڈرائیونگ قوانین بشمول ہر سڑک کیلئے معین حد رفتار کی بھی پابندی کریں۔

* مہمانوں کی خدمت میں مؤدبانہ درخواست ہے کہ دوسری گاڑیوں اور خصوصاً ہمسائیوں کے حقوق کا خیال رکھیں اور کسی بھی ناخوشگوار صورتحال میں صبر و تحمل کا مظاہرہ کریں۔

* مندرجہ بالا امور کو نظر انداز کرنے سے جماعت کے وقار کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔ جس کے نتیجہ میں حدیقۃ المہدی میں آئندہ جلسہ کے انعقاد میں مشکلات پیدا ہو سکتی ہیں۔

*** مہمانان کرام سے گزارش ہے کہ اپنی گاڑی اور اپنے سامان کی خود حفاظت کریں۔ جماعتی املاک کی حدود یا جلسہ سالانہ کار پارک میں ڈرائیونگ یا پارکنگ کے دوران آپ کی گاڑی کو پہنچنے والے نقصان یا اس کے اندر موجود اشیاء کے گم ہونے کی صورت میں جلسہ کی انتظامیہ ہرگز ذمہ دار نہ ہو گی۔**

## جلسہ کے لئے سڑکوں پر نصب خصوصی سائن بورڈز:۔

* مہمانوں کی سہولت اور راہنمائی کیلئے حدیقۃ المہدی اور کنٹری مارکیٹ کار پارک کے قریب سڑک کے کنارہ خصوصی سائن بورڈ لگائے گئے ہیں جن پر JALSA SALANA کے الفاظ تحریر ہیں، نیز کار پارک ایریا کی بھی مختلف رنگوں کے ذریعہ نشان دہی کی گئی ہے۔ مہمانوں سے التماس ہے کہ کار پارک میں داخلہ کیلئے جاری کردہ پاس کے مخصوص رنگ کے مطابق کار پارک کے احاطہ میں داخل ہوں۔

## کار پارک(CAR PARK):۔

جلسہ سالانہ کا مین کار پارک حدیقۃ المہدی میں ہے۔ اس کے بھر جانے کے بعد Overflow کے طور پر حدیقۃ المہدی سے کچھ فاصلہ پر کار پارک کا انتظام ہو گا۔ جس کیلئے مخصوص زرد رنگ کا نشان مہمانوں کی راہنمائی کرے گا۔ اس کار پارک سے جلسہ گاہ تک جانے اور واپس آنے کیلئے بس سروس کا انتظام ہو گا۔

## غیر ملکی مہمان:۔

اگر آپ کا تعلق کسی بیرونِ برطانیہ جماعت سے ہے اور آپ اپنی کار کے ذریعہ جلسہ پر تشریف لا رہے ہیں تو آپ مہمان کے طور پر حدیقۃ المہدی میں موجود کار پارک کیلئے درخواست دے سکتے ہیں۔کار پارک کی درخواست کیلئے آپ کو مندرجہ ذیل طریقہ کار اختیار کرنا ہو گا۔

ا۔درخواست فارم برائے کار پاس یکم جون2024ء سے تمام ممالک کے امراء کے پاس اور جلسہ سالانہ یو کے کی ویب سائٹ پر دستیاب ہوں گے۔آپ سے التماس ہے کہ درخواست فارم کو ٹائپ کرکے پُر کریں۔

۲۔ درخواست فارم کے مکمل کرنے کے بعد اس پر متعلقہ ملک کے امیر / صدر یا ان کے مقرر کردہ نمائندہ کے تصدیقی دستخط اور مہر کا ثبت ہونا ضروری ہے۔

۳۔ مکمل اور تصدیق شدہ فارم مندرجہ ذیل پتہ پر افسر صاحب جلسہ سالانہ دفتر کار پاسز کو بذریعہ ای میل یا فیکس ارسال کریں:۔

Fax: 0044 20 8687 7880

carpasses@ahmadiyya.org.uk

۴۔30 جون 2024ء تک موصول ہونے والی درخواستوں پر 15 جولائی 2024ء تک انشاء اللہ کارروائی مکمل کر لی جائے گی۔اور مذکورہ بالا ای میل ایڈریس سے ہی آپ کی درخواست کے جواب میں آپ کے کار پاس کے تیار ہونے کی اطلاع پر مبنی ای میل آپ کو ارسال کی جائے گی۔برطانیہ پہنچنے پر یہ ای میل دکھانے پر دفتر کار پاسز سے آپ کو کار پاس مل جائے گا۔

**نوٹ:۔** اگر آپ برطانیہ پہنچ کر گاڑی کرایہ پر لینے کا ارادہ رکھتے ہوں تو اپنی درخواست میں اس بات کی وضاحت ضرور کریں۔ ایسی صورت میں بھی مذکورہ بالا طریق کا ہی اطلاق ہو گا۔

یہ امر بھی نہایت ضروری ہے کہ آپ اپنے شناختی کاغذات اپنے ہمراہ رکھیں۔ کیونکہ حدیقۃ المہدی میں داخلہ سے قبل سکیورٹی چیکنگ کے عمل سے گزرتے وقت ان کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

## جماعت برطانیہ کے معذور افراد:۔

حدیقۃ المہدی میں معذور افراد کیلئے مخصوص کارپارک (Disabled Car Park) کی بھی سہولت موجود ہے۔ جس کے پاس کے حصول کیلئے مستحق افراد درخواست دے سکتے ہیں۔ لیکن چونکہ پارکنگ کی جگہ نہایت محدود ہے اس لئے درخواست ہے کہ انتہائی مستحق اور ضرورتمند معذور افراد ہی اس کیلئے درخواست دیں اور درخواست میں اپنی معذوری کی تفصیل درج کریں تا انتظامیہ کو فیصلہ کرنے میں آسانی ہو۔ ایسی تمام درخواستیں مقامی جماعت کے صدر صاحب کی تصدیق کے ساتھ نیز صدر جماعت کے ذریعہ سے آنی چاہئیں۔

ایسی درخواستیں یکم تا 30 جون 2024ء تک دفتر موصول ہو جانی چاہئیں۔ مقررہ تاریخ کے بعد موصول ہونے والی درخواستوں میں کارروائی میں تاخیر یا عدم کارروائی کا دفتر کارپاس ذمہ دار نہ ہو گا۔

* ایسی درخواست میں حسب ذیل تفصیل ضرور درج کریں:۔

نام، ایمز نمبر (Aims No)، کار رجسٹریشن نمبر، معذور فرد کا موبائل فون

نمبر۔ کار پاس معذور فرد کے نام سے ہی جاری ہو گا۔

* کونسل سے جاری شدہ ویلڈ معذوری کارڈ(Valid Disabled Badge)

یا معذوری کا ڈاکٹری ثبوت۔

## پارکنگ برائے ممبران جماعت برطانیہ:۔

جماعت احمدیہ برطانیہ کے ممبران اپنے مقامی صدر صاحب جماعت کو یکم جون 2024ء تک کار پاس کیلئے درخواست دے سکتے ہیں۔ اور یہ احباب اپنے صدر جماعت ہی کے ذریعہ کار پاسز حاصل کر سکیں گے۔

## حدیقۃ المہدی میں خیمہ جات میں قیام پذیر مہمانوں کی پارکنگ:۔

اگر آپ جماعتی انتظام کے تحت مہیا کردہ، ذاتی یا کرایہ پر لئے گئے خیمہ جات میں قیام کا ارادہ رکھتے ہیں تو آپ 30 جون 2024ء تک کار پاس کیلئے درخواست جمع کرواسکتے ہیں۔ آپ کی درخواست میں درج ذیل تفصیل ہونی ضروری ہے:۔

* نام، ایمز کارڈ نمبر(Aims No)، کار رجسٹریشن نمبر، موبائل فون نمبر۔

## ڈرائیونگ کے قواعد وضوابط:۔

آپ سے درخواست ہے کہ دوران ڈرائیونگ برطانیہ میں رائج ڈرائیونگ کے قواعد وضوابط اور قوانین کی مکمل پابندی کریں۔ جس کے متعلق تفصیلات درج ذیل ویب سائٹ پر مل سکتی ہیں:۔www.gov.uk/driving

تاہم چند بنیادی قواعد وضوابط ذیل میں درج ہیں:۔

آپ کے پاس گورنمنٹ کا جاری کردہ ڈرائیونگ لائسنس ہونا ضروری ہے۔

آپ کی گاڑی کی انشورنس اور روڈ ٹیکس موجود ہونے چاہئیں۔ حد رفتار کا خیال رکھیں۔ حدیقۃ المہدی کے اطراف میں حد رفتار 30 میل یا 48 کلو میٹر فی گھنٹہ ہے۔ آپ کے پاس بریک ڈاؤن انشورنس کی سہولت گاڑی کی خرابی کی صورت میں آپ کیلئے ذہنی سکون کا باعث ہو سکتی ہے۔ مختلف روڈ سائن سے واقفیت آپ کی ڈرائیونگ میں معاون ثابت ہو سکتی ہے۔

## دفتر کارپاس کا فون، فیکس، ای میل اور پوسٹل ایڈریس:۔

یکم جون کے بعد آپ کسی بھی وقت کارپاس کے سلسلہ میں دفتر افسر صاحب جلسہ سالانہ یوکی (نظامت کارپاسز) سے مندرجہ ذیل پتہ پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

تاہم دفتر کارپاس کی ٹیلی فون لائن 15 جون 2024ء سے کھول دی جائے گی۔ جس کی تفصیل درج ذیل ہے:۔

فون نمبر 02086877872 فیکس نمبر 02086877880

پوسٹل ایڈریس:۔

Afsar Jalsa Salana UK

Car Pass Office Baitul Futuh

181, London Road, Morden, Surrey SM4 5PT

carpasses@ahmadiyya.org.uk

# انتظامات رہائش

رہائشی انتظامات:۔ مہمان جو بیرونی ممالک سے تشریف لارہے ہیں اور ان کی اپنی رہائش کا کوئی بندوبست نہیں ہے ان کو حدیقۃ المہدی میں مرکزی جماعتی خیمہ میں ٹھہرایا جائے گا۔ سونے کیلئے گدّے مہیا کئے جائیں گے۔ جس کیلئے 15 پاؤنڈز (قابل واپسی) زر ضمانت متعلقہ دفتر میں جمع کروانے ہوں گے۔ بستر کا انتظام احباب کو خود کرنا ہوگا۔ بستر (چادر، رضائی اور تکیہ مع غلاف) دفتر رہائش حدیقۃ المہدی سے قیمتاً "پہلے آیئے پہلے پایئے" کی بنیاد پر دستیاب ہوں گے۔ اور قیمت 15 پاؤنڈز ہے۔ محدود انتظام ہونے کی وجہ سے احباب جماعت برطانیہ سے درخواست ہے کہ وہ حدیقۃ المہدی میں قیام کیلئے اپنے بستر ہمراہ لائیں۔

## ذاتی خیمہ جات و کیراوانز (Private Tents & Caravans)

جو احباب ذاتی خیمہ یا کیراوان حدیقۃ المہدی لانا چاہتے ہیں ان کیلئے اطلاعاً عرض ہے کہ وہ اس کیلئے افسر جلسہ سالانہ سے قبل ازوقت تحریری اجازت نامہ ضرور حاصل کرلیں جو ان کے ہمراہ ہونا ضروری ہے۔ نیز موسم کے مطابق اپنے بستر ہمراہ لانے کی درخواست کی ہے۔

## پرائیویٹ خیمہ جات برائے کرایہ Private Tents (Hiring)

حدیقۃ المہدی میں خیمہ جات بھی کرایہ پر دستیاب ہیں لیکن ان کی تعداد بہت محدود ہے۔ خواہشمند احباب اپنی درخواست اپنے صدر/امیر صاحب کی تصدیق کے ساتھ قبل ازوقت بھجواسکتے ہیں۔ اس درخواست کے ہمراہ مطلوبہ خیمہ

کے کل کرایہ (پیشگی) کی رقم کا چیک بنام درج ذیل اکاؤنٹ ہونا لازمی ہے:۔

"JALSA SALANA A/C NO 1"

**منسوخی بکنگ خیمہ جات:۔** جلسہ سالانہ کے شروع ہونے سے دو ہفتہ قبل تک موصول ہونے والی تحریری درخواست برائے منسوخی بکنگ خیمہ جات پر ادا شدہ رقم واپس کر دی جائے گی۔

## قیمت بستر و کرایہ خیمہ جات:۔

| تفصیل | کرایہ | قیمت |
|---|---|---|
| بستر (چادر، رضائی اور تکیہ مع غلاف) | - | 15 پاؤنڈز |
| خیمہ برائے ایک فرد | 30 پاؤنڈز | - |
| خیمہ برائے پانچ افراد | 120 پاؤنڈز | - |
| خیمہ برائے آٹھ افراد | 190 پاؤنڈز | - |
| Glamping Pods (ایک ڈبل یا دو سنگل بیڈ) | 275 پاؤنڈز | - |
| Glamping Pods (تین سنگل یا ایک ڈبل اور ایک سنگل بیڈ) | 300 پاؤنڈز | - |
| Glamping Pods (چار سنگل یا دو ڈبل بیڈ) | 325 پاؤنڈز | - |

بڑے خیمہ جات اور Glamping Pods کے کرایہ کے علاوہ 100 پاؤنڈز بطور ضمانت پیشگی لئے جائیں گے۔ جو ان خیمہ جات وغیرہ کو درست حالت میں واپس کرنے پر قابل واپسی ہوں گے۔

**ہوٹلز میں قیام:۔** حدیقۃ المہدی (آلٹن) کے گرد و نواح میں واقعہ ہوٹلوں کے پتہ جات اور رابطہ و بکنگ کیلئے ہوٹلوں کی ویب سائیٹس سے استفادہ کریں۔ جو احباب ہوٹل میں ٹھہرنا چاہیں انہیں چاہئیے کہ جلسہ سالانہ کے ایام سے بہت پہلے اپنی بکنگ خود کروالیں۔ ہوٹلوں کے کمروں کی بکنگ / منسوخی یا اس تعلق کے دیگر معاملات میں جلسہ انتظامیہ مہمانوں کی مدد کرنے سے قاصر ہے۔

**مقرر کردہ جگہ برائے تنصیب خیمہ جات و کیر اوانز:۔**

امسال بھی تمام ذاتی خیمہ جات اور کیر اوانز حدیقۃ المہدی میں مقرر کردہ جگہ پر نصب کئے جاسکیں گے۔ ان خیمہ جات یا کیر اوانز میں کسی قسم کی روشنی یا بجلی کا کنکشن انتظامیہ کی طرف سے مہیا نہیں کیا جاسکے گا۔ یہ انتظامات احباب کو خود کرنا ہوں گے۔ تاہم سٹریٹ لائیٹ موجود ہوگی۔

**طعام:۔** حدیقۃ المہدی میں مقیم مہمانوں کیلئے دوپہر اور رات کے کھانے کے علاوہ صبح کے ناشتہ کا انتظام لنگر خانہ سے ہوگا لیکن جو مہمان اپنے رشتہ داروں کے ہاں یا ہوٹلوں میں رہائش پذیر ہونگے وہ اپنے ناشتہ کا انتظام خود کریں گے۔

**بازار (Food Stalls):۔** حدیقۃ المہدی میں قائم عارضی بازار (فوڈ سٹالز) سے عام کھانے پینے کی اشیاء قیمتاً دستیاب ہونگی۔ یہ سٹالز دورانِ نماز و کارروائی جلسہ بند رہیں گے۔

**شیر خوار بچوں کیلئے دودھ:۔** شیر خوار بچوں کیلئے دودھ ناظمہ اعلیٰ (مستورات) جلسہ سالانہ برطانیہ کی زیرِ نگرانی دستیاب ہوگا۔

# متفرق معلومات

**ابتدائی طبی امداد (میڈیکل سہولت):۔** عرصہ میزبانی میں جماعت احمدیہ برطانیہ کے زیر انتظام رضاکار ڈاکٹرز مسجد فضل، مسجد بیت الفتوح نیز جلسہ سالانہ کے ایام میں حدیقۃ المہدی میں طبی امداد کیلئے موجود ہوں گے۔

جلسہ سالانہ کے تینوں دن طبّی امداد چوبیس گھنٹے میسر ہوگی جبکہ باقی ایام میں ڈاکٹر صاحبان معیّن اوقات میں خدمات بجالائیں گے۔ڈسپنسریز کے مقررہ اوقات نوٹس بورڈز پر چسپاں ہونگے۔ معمولی بیماری کا علاج مفت کیا جائے گا لیکن ہسپتال جانے کی صورت میں اخراجات مہمان کو خود برداشت کرنا ہونگے۔

مہمانوں کی اطلاع کیلئے عرض ہے کہ چونکہ برطانیہ میں طبّی اخراجات پر کثیر رقم خرچ ہوتی ہے اس لئے درخواست ہے کہ مہمان اپنی طبّی انشورنس ضرور کروالیں تاکہ خدانخواستہ اگر ضرورت پیش آجاوے تو مالی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

برطانیہ میں ادویات صرف برطانیہ کے رجسٹرڈ ڈاکٹر کے نسخہ جات پر ہی مل سکتی ہیں اس لئے اگر آپ کو کسی دوائی کی باقاعدہ ضرورت ہو تو اپنے مقامی ڈاکٹر سے اپنی بیماری اور دوائی کی تفصیلات تحریراً ساتھ ضرور لاویں تاکہ یہاں کے ڈاکٹر کو بیماری کی تشخیص اور دوائی کی تجویز میں سہولت رہے۔

**دفتر امانات و گمشدہ اشیاء:۔** اگر آپ کو کوئی گمشدہ چیز ملے یا آپ کی کوئی چیز کھو جائے تو دونوں صورتوں میں "دفتر امانات و گمشدہ اشیاء" سے رابطہ کریں۔

**بچوں کی حفاظت:۔** چھوٹے بچوں کا نام، ولدیت، جماعت اور ملک کا نام انگریزی

اور اردو میں لکھ کر ان کی کلائی پر باندھ دیں یا گلے میں لٹکا دیں۔ تمام کوائف پلاسٹک بیج کے اندر رہوں تاکہ بارش اور دیگر موسمی اثرات سے محفوظ رہیں۔

**لانڈری:۔** جماعتی انتظام کے تحت لانڈری (کپڑے دھونے) کی سہولت حدیقۃ المہدی، بیت الفتوح یا کسی اور جگہ میسر نہیں ہو گی۔

## حدیقۃ المہدی کے اطراف تنگ سڑکیں / گلیاں:۔

حدیقۃ المہدی آلٹن(Alton) کے گردونواح میں سڑکیں اور گلیاں کافی تنگ ہیں اور عموماً دن کے وقت بھی گہرے بادل روشنی کو مدہم کر دیتے ہیں۔ اس لئے مہمانوں سے درخواست ہے کہ ڈرائیونگ بہت احتیاط سے کریں۔ اسی طرح رات کے اوقات میں سڑکوں کے سنسان اور اندھیری ہونے کی وجہ سے احباب سے درخواست ہے کہ وہ رات کو اکیلے پیدل باہر نہ نکلیں۔ بحالت مجبوری باہر جانا پڑے تو جیبی ٹارچ ضرور ساتھ رکھیں۔

**ٹیکسی سروسز(Taxi Services):۔** مختلف ٹیکسی سروسز کے ٹیلیفون نمبرز دفتر معلومات سے مل سکتے ہیں۔ اس ضمن میں خیال رہے کہ لندن کی "بلیک کیب" کا کرایہ "منی کیب" کی نسبت دوگنا سے بھی زائد ہے۔ اسی طرح Uber ٹیکسی بھی دستیاب ہے۔

**موبائل سم (Phone Sim):۔** حدیقۃ المہدی کے علاقہ میں آنے والے موبائل سگنل کے مطابق وہاں متعلقہ سٹال پر موبائل سم فری دستیاب ہو گی، جسے آن لائن قیمتاً ٹاپ اپ کروایا جا سکتا ہے۔ مزید معلومات دفتر معلومات جلسہ سالانہ

سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

**کرنسی /ٹریولر چیکس:۔** غیر ممالک کی کرنسی /ٹریولر چیکس کو برطانوی پاؤنڈز میں تبدیل کرانے کا جلسہ انتظامیہ کی طرف سے کوئی بندوبست نہیں ہوتا۔ اس لئے احباب سے درخواست ہے کہ مطلوبہ برطانوی کرنسی اپنے ملک سے لے کر چلیں یا یہاں پہنچ کر ایئرپورٹس وغیرہ پر خود اس کا انتظام کریں۔

**ویلیو ایڈڈ ٹیکس کی واپسی(VAT Refunds):۔** بیرون ممالک سے تشریف لانے والے احباب برطانیہ میں قیام کے دوران جو چیزیں یا تحفہ جات اپنے ساتھ وطن لے جانے کیلئے خریدتے ہیں۔ ایسی خریداری پر اداشدہ ٹیکس انہیں ائرپورٹ پر کسٹم کے دفتر سے رسید اور سامان دکھانے پر واپس مل سکتا ہے۔ جس کیلئے خریداری سے پہلے دکاندار سے اس بارہ میں دریافت کرلیں۔

**دورانِ پرواز گمشدہ سامان:۔** احباب سے درخواست ہے کہ ہوائی سفر کے دوران اپنے سامان کی حفاظت و نگرانی کا انتظام خود فرمائیں اگر خدانخواستہ سامان گم ہوجائے تو متعلقہ ائیر لائن سے رابطہ کرکے گمشدہ سامان کی تفصیل ایئر لائن کی طرف سے مہیا کردہ فارم پر ضرور لکھیں اوراس کی ایک نقل اپنے پاس بھی رکھیں ۔ یہ کارروائی کسٹم ہال چھوڑنے سے قبل مکمل کرنا ضروری ہے تاکہ ائیر لائن سے کلیم کرنے میں سہولت رہے۔ یادرہے کہ کسٹم ہال سے باہر آنے کے بعد آپ گمشدہ سامان کی رپورٹ درج نہیں کرواسکتے۔

اپنی قیمتی اشیاء مثلاً پاسپورٹ ،زیور، نقدی، گھڑی ، کیمرہ اور موبائل فون وغیرہ کو

اپنی ذاتی حفاظت میں رکھیں۔ **اپنے ملک سے روانگی سے قبل اپنا سامان خود پیک کریں اور کسی بھی صورت میں کسی اجنبی یا دوست کا پیکٹ بغیر تحقیق کے اپنے سامان میں نہ رکھیں۔**

**صفائی کا خیال:۔** احباب سے درخواست ہے کہ مسجد فضل، مسجد بیت الفتوح، حدیقۃ المہدی نیز کنٹری مارکیٹ کارپارک میں صفائی قائم رکھنے میں انتظامیہ کی مدد کریں۔ کوڑا کرکٹ پھینکنے کیلئے لگائے گئے ڈبے (Bins) میں کوڑا کرکٹ ڈالنے میں عار محسوس نہ کریں۔

## آنحضرت ﷺ نے صفائی کو نصف ایمان قرار دیا ہے

بیوت الخلاء اور غسلخانوں کی صفائی کا خاص خیال رکھیں اور بعد از استعمال انہیں صاف ستھری حالت میں چھوڑ کر جائیں۔

اگر WC یا کموڈ بند ہو جائے یا پانی کی قلت ہو یا ٹشو پیپرز (Tissue Papers) میسر نہ ہو تو براہ مہربانی ناظم صفائی کو فوری طور پر مطلع کر دیں تا اس کا انتظام ہو سکے۔ نیز پانی کا استعمال انتہائی احتیاط سے کریں اور پانی بالکل ضائع نہ کریں۔ اسی طرح پینے کے پانی کو بھی ضائع نہ کریں۔

**ہمسایوں کے حقوق:۔** احباب سے درخواست ہے کہ اسلام آباد، مسجد فضل، مسجد بیت الفتوح، جامعہ اور حدیقۃ المہدی کے گردونواح میں بسنے والے ہمسایوں کے جذبات واحساسات کو پیش نظر رکھیں۔ با آواز بلند گفتگو سے پرہیز کریں اور کسی کی ذاتی زمین یا گھر میں داخل نہ ہوں۔ براہ کرم اسلامی اخلاق ہر وقت پیش نظر رکھیں تاکہ

ہمسایوں کے دل جیتے جاسکیں۔ لوگوں کے گھروں کے سامنے گاڑیاں ہرگز پارک نہ کریں یہ خلاف قانون ہے۔ ٹریفک قوانین کو ہر حال میں مدنظر رکھیں اور مقررہ رفتار کی پابندی کریں کیونکہ خلاف ورزی کی صورت میں قانونی کارروائی ہوسکتی ہے۔

## لندن کی سیر و تفریح

وکٹوریہ سٹیشن سے برطانیہ کے مختلف مقامات کیلئے کوچز (Coaches) چلتی ہیں جن سے خواہشمند احباب فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ اسی طرح لندن میں ایک سے دوسرے مقام تک آنے جانے کیلئے انڈر گراؤنڈ ریل معروف ہے۔ مسافروں کی سہولت کیلئے انڈر گراؤنڈ ریل سروس کے نقشہ جات کسی بھی سٹیشن سے مفت مل جاتے ہیں۔ اس سلسلہ میں احبابِ جماعت مزید معلومات کیلئے دفتر معلومات جلسہ سالانہ سے رابطہ کرسکتے ہیں۔ نوٹ فرمالیں کہ انڈر گراؤنڈ سٹیشن رات بارہ بجے تا صبح پانچ بجے بند رہتے ہیں۔

مذکورہ بالا گزارشات محض مہمانوں کی راہنمائی اور سہولت کے پیش نظر عرض کی جارہی ہیں۔ اُمید ہے کہ ہمیں آپ کا تعاون حاصل رہے گا۔ مزید برآں اگر آپ کوئی تجویز دینا چاہیں تو اپنی تجاویز لکھ کے دفتر افسر جلسہ سالانہ میں دے سکتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کو جلسہ سالانہ کی تمام برکات سے وافر حصہ عطا فرمائے اور حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے جلسہ سالانہ میں شامل ہونے والوں کے حق میں جو دعائیں کیں ہیں ہمیں اُن کا وارث بنائے۔ آمین